بلیٹن #008
لیموزین پلیٹ کے لائسنس کی تجدید

اگست 2023

تجدیدی مدت برائے لیموزین پلیٹ لائسنز (L.P.L) 01 ستمبر - 30 ستمبر ہے۔

ہماری اس مصروف مدت کے دوران، کرائے کی گاڑی کے آفس میں انتظار کے اوقات معمول سے زیادہ طویل ہو سکتے ہیں اور ہم آپ کے تحمل اور فہم کی قدر کرتے ہیں۔ ہم تجدیدی عمل کو آن لائن منتقل کرنے کی سہولت پر غور کر رہے ہیں، لیکن فی الوقت، تجدیدی امور کو بہرصورت بالمشافہ مکمل کرنا ہو گا۔

ہمارا کرائے کی گاڑی کا آفس (2340 – 22 Street NE) پیر تا جمعہ، 8:00 بجے صبح – 4:30 بجے شام کے درمیان کھلا ہوتا ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں، یہ آفس بروز پیر، مورخہ 4 ستمبر کو بند رہے گا، کیونکہ اس دن عام تعطیل ہے۔

اس تجدیدی عمل کے حصے کے طور پر، پلیٹ کے مالکان کو یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ اپنا البرٹا کا صوبائی ڈرائیور کا لائسنس یا ٹیکسی ڈرائیور کا مجاز لائسنس ساتھ لائیں۔ لیموزین پلیٹ لائسنس (L.P.L) کی تجدید کی فیس $415 ہے۔

امید کرتے ہیں کہ آپ سے ستمبر میں ملاقات ہو گی۔ براہ کرم کسی بھی قسم کے سوالات کے لیے VFHlicensing@calgary.ca پر ای میل کریں

اس مواصلت کا ترجمہ امہاری، عربی، فرانسیسی، ہندی، پنجابی، صومالی، اور اردو زبان میں کیا گیا ہے۔ دستاویزات ملاحظہ کرنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

مخلص،

ڈان انزورتھ (Dawn Unsworth)
لیڈر برائے کورٹ کوآرڈینیشن اور کرائے کی گاڑی کی لائسنسنگ
EMCS، عوامی گاڑی کے معیارات